**17/02/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے**

**لیفٹنٹ گورنر**

**لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کہا ہے کہ وہ جموں کشمیر کے نوجوانوں کو باہمت اور مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سماج کی تیز تر اور شمولیاتی ترقی اس کے نوجوانوں کی صلاحیتوں پر منحصر ہوتی ہے اور جموں کشمیر میں اس ترقی کو حاصل کرنے کیلئے ہمیںمقامی سطح پر اپنے نوجوانوں کی صحت مندی یقینی بنانی چاہئے۔**

**کی سالانہ تقریب GCCسانبہ میں نوجوانوں کی ترقی سے متعلق گائیڈنس اینڈ کونسلنگ سیل ، انتظامیہ کے ساتھ مل GCC سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ یہ مقصد حاصل کرنے کیلئے کر کام کر رہی ہے۔**

**لیفٹنٹ گورنر نے کہاکہ نوجوانوں کے اقدار اور حوصلے بلند ہونے چاہیں تاکہ وہ ایک ہاتھ میں صدیوں پرانے اقدار تو دوسرے ہاتھ میں جدید سائنسی آلات لے کر دنیا کو راستہ دکھائیں۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بجٹ تشکیل دینے کے عمل میں عوامی نمائندوں سے تفصیلی صلاح ومشورے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی بدولت عوام کے توقعات پر پورا اُترا جا سکتا ہے۔ وہ سول سیکریٹریٹ جموں میں جموں ضلع کے عوامی نمائندوں سے پری بجٹ مشاورت میں اظہار خیال کر رہے تھے ۔**

اسی دوران وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ گجر ،بکروال جیسے سماج کے پسماندہ طبقوں کے معیار حیات میں بہتری لانا ان کی سرکار کی ذمہ داری ہے ۔ وہ جموں میں گجر دیش خیراتی ٹرسٹ کی ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔

سکینہ ایتو

تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار پسماندہ طبقوں اور دور افتارہ علاقوں کے طالب علموں کیلئے تعلیم کے دائرے کو وسیع کرنے کیلئے پر عزم ہے۔

وہ یوتھ ایکسچینج پروگرام وطن کو جانو کے تحت اقتصادی اعتبار سے کمزور طبقوں سے تعلق رکھنے والے 250 اسکولی بچوں کے ایک گروپ کو جموں سے دلی ، جئے پور اور اجمیرکے 13 روزہ دورے پر روانہ کرنے کے موقعہ پر بول رہی تھیں۔

ایل جی ملاقات

شری امر ناتھ جی یاترا بھنڈارا آرگنائزیشن نے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے ان کی نوٹس میں اپنے کئی معاملات لائے ۔

تنظیم نے خاص طور پر 2025 کی یاترا کے دوران بھنڈاروں کے بلا خلل کام کاج کو یقینی بنانے کے علاوہ مواصلاتی خدمات میں بہتری لانے اور لنگر آرگنائزیشنوں سے وابستہ ممبروں کی ویریفکیشن جلد مکمل کرنے کے معاملات ابھارے ۔

سمن بل

جموں کشمیر میں روایتی موسیقی، فن، ادب اور ثقافت کو تحفظ فراہم کرنے اور انہیں فروغ دینے کی خاطر سرکاری سطح پر مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں۔اس ضمن میں محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ کے اہتمام سے فن اور موسیقی کو فروغ دینے کیلئے ”سمن بل“ کے نام سے ایک منفرد پروگرام شروع کیا گیا ہے ۔

اس بارے میں محکمے کے جوائنٹ ڈائریکٹر کشمیر سید شہنوازبخاری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران جل شکتی مشن پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے مشن کے تحت زیر عمل ترقیاتی پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایات دیں ۔

اس موقعہ پر جانکاری دی گئی کہ سمبل سب ڈویژن میں 29 میں سے گیارہ سکیموں کو مکمل کیا گیا ہے ۔ دوسری طرف گریز سب ڈویژن میں جل جیون مشن کی 90 فیصد سکیموں کو تکمیل تک پہنچایا گیا ہے ۔

اننت ناگ

محکمہ پشو پالن کے ڈائریکٹر کشمیر ڈاکٹر پروِندر سنگھ سُدن نے اننت ناگ ضلع کا دورہ کر کے وہاں ہالسٹک اینمل ڈیولپمنٹ پروگرام پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے ضلع میں کام کرنے والے محکمے کے افسروں اور عملے کی سراہنا کی ۔ انہوں نے سبھی متعلقین سے تاکیداً کہا کہ وہ اپنی اپنی ذمی داریاں بخوبی نبھائیں ۔

عالمی دن

آج سیاحت کی پائیداری سے متعلق عالمی دن ہے ۔ یہ دن ہر سال 17 فروری کو سیاحتی صنعت کو مزید استحکام بخشنے کے لئے منایا جاتا ہے تاکہ اس شعبے کو اقتصادی ترقی ، ثقافتی تبادلے اور پائیدار ماحولیاتی اہداف کے حصول کا ایک ذریعہ بنایا جا سکے ۔

قطر

قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی آج سے بھارت کے دو روزہ دورے پر ہوں گے ، جس دوران وہ وزیر اعظم نریندر مودی سے بات چیت کریں گے ۔ امیر قطر کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا ایک وفدبھی ہو گا۔

زلزلہ

قومی راجدھانی دلی میں آج علی الصبح چار اعشاریہ صفر شدت کا زلزلہ آیا ۔ زلزلوں سے متعلق قومی مرکز کے مطابق یہ بھونچال صبح پانچ بج کر 36 منٹ پر محسوس کیا گیا جس کا مرکز دلی کے نزدیک پانچ کلو میٹر کی گہرائی میں تھا۔ اس واقعے میں کسی جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔

**ایوارڈ نامزدگیاں**

آیوش کی وزارت نے 2025 کے قومی اور بین الاقوامی سطح کے یوگا ایوارڈس کے لئے نامزدگیاں حاصل کرنے کا عمل شروع کیا ہے ۔ نامزدگیاں 31 مارچ تک داخل کی جا سکتی ہیں۔ یہ ایوارڈ ایک ٹرافی ،ایک سند اور 25 لاکھ روپے نقدی پر مشتمل ہوتا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ